

ماہِ محرم میں

جائز اور ناجائز کام کی نشاندھی

(بصورتِ تصاویر فتاوی رضویہ کی روشنی میں ماخوذ ایک عمدہ گلدستہ)

مرتب : محمد نیاز رضا قادری

یہ گلدستہ ہر خاص و عام کے لیے مختصر اور نہایت مفید ہے



ماہِ محرم میں

سیاہ لباس

محرم الحرام میں اہل تشیع سے مشابہت کی بناء پر سیاہ کپڑے پہننا ناجائز ہے ۔۔

امام اہلسنت فرماتے ہیں : محرم الحرام میں کالے کپڑے نہ پہنے جائیں کہ یہ رافضیوں کا طریقہ ہے، لہٰذا مسلمانوں کو اس سے بچنا چاہیے

"1"

(فتاوی رضویہ جلد24ص496)

Ibneijaz



ماہ محرم میں

دُلدُل

محرم الحرام میں گھوڑے کو سجاکر بازاروں میں پھرانا جسے دلدل کہا جاتا ہے اور باجے بجانا بدعت و گناہ ہے ۔۔

امام اہلسنت فرماتے ہیں : دلدل بدعت ہے اور یہ رائج مرثیے معصیت ہیں

(فتاوی رضویہ جلد23ص99)

"2"

Ibneijaz



علم غازی عباس

محرم الحرام میں اپنے گھروں کی چھتوں پر اور محلّہ کے چوک پر علم لگانا بدعت سئیہ گناہ و منع ہے ۔۔

امام اہلسنت فرماتے ہیں : علم بدعت ہیں اور بدعت سے اسلام کی عزت نھیں ہوتی ۔۔ اور یہ علم وغیرہ لگانا ناجائز وگناہ منع ہے

(فتاوی رضویہ جلد 24 ص 499)

"3"

Ibneijaz



ماہ محرم میں

تعزیہ داری

محرم الحرام میں تعزیہ بنانا یا تعزیہ دیکھنے کے لیے گھروں سے نکلنا ناجائز و گناہ کا کام ہے --

امام اہلسنت فرماتے ہیں : تعزیہ بنانا بدعت و ناجائز ہے چونکہ تعزیہ بنانا ناجائز ہے، لہٰذا ناجائز بات کا تماشا دیکھنا بھی ناجائز ہے تعزیہ پر منت ماننا بھی باطل کام ہے -

(فتاوی رضویہ جلد 24 ص 501)

"4"

Ibneijaz



ماہ محرم میں

ماتم کرنا

محرم الحرام میں ماتم کرنا ناجائز و حرام کام ہے

امام اہلسنت فرماتے ہیں : ماتم کرنا چھاتی پر مارنا حرام ہے نیز ماتم و نوحہ محرم ہو یا غیر محرم مطلقاً حرام ہے ۔۔ (یادرہے) ناجائز بات کا تماشا دیکھنا بھی ناجائز ہے

(فتاوی رضویہ جلد 24 ص 496)

" 5 "

Ibneijaz



ماہ محرم میں

نکاح کرنا

محرم الحرام میں نکاح کرنا جائز اور شرعاً ممنوع نہیں

امام اہلسنت فرماتے ہیں : ماہ محرم میں نکاح کرنا جائز ہے نکاح کرنا کسی مہینے میں منع نہیں --

(فتاوی رضویہ جلد 23ص 25)

"6"

Ibneijaz



نوحہ پڑھنا سننا

محرم الحرام میں شہدائے کربلا کی یاد میں نوحہ پڑھنا / سننا حرام کام ہے

امام اہلسنت فرماتے ہیں : ماتم و نوحہ محرم ہو یا غیر محرم مطلقاً حرام ہے --

(فتاوی رضویہ جلد 24ص 496)

"7"

Ibneijaz



امام حسین کا فقیر

مفتی قاسم صاحب فرماتے ہیں:

امام حسین رضی اللہ عنہ کا نام لے کر گلی محلے کے لوگوں کا منگتا بھکاری بننا اور لوگوں سے بھیک مانگنا حرام ہے کیونکہ بلاضرورتِ شرعی بھیک مانگنا ناجائز و حرام ہے اور ایسوں کو دینا بھی حرام ہے کہ یہ (بھیک مانگنے کے) گناہ پر مدد کرنا ہے۔

(دار الافتا اہلسنت فتوی نمبر : Sar-7243)

"8"

Ibneijaz



ماہ محرم میں

مرثیہ کی محفلیں

محرم الحرام میں شیعہ حضرات کی مرثیہ کی محفل میں شرکت کرنا حرام ہے --

امام اہلسنت فرماتے ہیں : اہل تشیع کی مرثیہ خوانی کی مجلس میں اہلسنت و جماعت کو شریک و شامل ہونا حرام ہے --

(فتاوی رضویہ جلد 24 ص 526)

"9"

Ibneijaz



ماہ محرم میں

کھچڑا (دلیم)

کھچڑے کی اصل ایصال ثواب ہے اور ایصال ثواب قرآن و حدیث سے ثابت ہے ۔۔ رہی بات کھچڑے کو خاص کرنے کی تو یہ اس وجہ سے ہے کہ اس پر عرف جاری ہوگیا ۔ نہ کہ اسے شریعت کی جانب سے ضروری سمجھ کر کیا جاتا ہے ۔

اگر کوئی شخص کھچڑے کے علاوہ چیز پکا کر اسکا ایصال ثواب کرے تب بھی ٹھیک ہے ۔ اور جو شخص کھچڑے کو شرعی طور پر ضروری جانے وہ غلطی پر ہے ۔۔

(محرم میں صحیح اور غلط ص 16)

"10"

Ibneijaz

ایک عرض آپکے نام

اس مبارک مہینے میں بازاروں گلی کوچوں میں گھومنے اور فالتو وقت گزارنے سے بہتر ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی سیرت کے انمول واقعات کو پڑھا جائے ۔۔ سوانح کربلا ۔ آئینہ قیامت ۔ کرامت امام حسین جیسے رسائل کا مطالعہ کیا جائے اور امام عالی مقام کو ایصال ثواب کیا جائے ۔۔

ہوسکے تو دعوت اسلامی کے تحت سالانہ محرم الحرام کے تین دن کے مدنی قافلے میں شرکت کی سعادت حاصل کی جائے ۔۔۔

آمین بجاہ النبین الامین ﷺ

صلو علی الحبیب صلی اللہ تعالی علیہ و سلم

محمدنیازرضا
1محرم1444ھ

31/7/2022

نمازوں کی پابندی کرتے رہیں